وزارت صحت

Ontario

اپنے اونٹاریو کوویڈ-19 ویکسین سرٹیفکیٹ میں اپنے منتخب کردہ نام کو چار آسان مراحل میں کیسے اپ ڈیٹ کریں۔

یہ گائیڈ اونٹاریو میں رہائش پذیر ایسے ٹرانس جینڈر اور غیر بائنری لوگوں کے لیے ہے، جنھوں نے اپنے ہیلتھ کارڈ میں اپنے منتخب کردہ نام کو ابھی تک اپ ڈیٹ نہ کیا ہو، لیکن وہ اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ میں اپنا منتخب کردہ نام شامل کرنا چاہتے ہوں۔

مراحل

1. اپنے مقامی پبلک ہیلتھ یونٹ کو کال کریں اور اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ پر اپنا نام اپ ڈیٹ کرنے کے حوالے سے ایک اپائنٹمنٹ بک کرنے کو کہیں۔ اونٹاریو میں پبلک ہیلتھ یونٹس کی فہرست اور ان کے رابطے کی معلومات تلاش کرنے کے لیے، براہ کرم [پبلک ہیلتھ یونٹ لوکیٹر (gov.on.ca)](gov.on.ca) پر جائیں۔
2. اپائنٹمنٹ پر اپنی تمام شناختی دستاویزات (IDs) ساتھ لے کر جائیں۔ تمام IDs پر تاریخ پیدائش ایک ہی ہونی چاہیے، لیکن نام اور جنس مختلف ہو سکتی ہے۔
3. پبلک ہیلتھ یونٹ آپ کا نام کوویڈ-19 ویکسین سرٹیفکیٹ ڈیٹا بیس (COVaxON) میں اپ ڈیٹ کرے گا۔
4. اپنا اپ ڈیٹ شدہ سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے http://www.ontario.ca/page/covid-19-vaccines پر جائیں۔

آپ کے پاس اپنے منتخب کردہ نام کی حامل کم از کم ایک دستاویز لازمی موجود ہونی چاہیے۔ اس دستاویز یا درج ذیل فہرست میں موجود ہر ایک میں یہ چیزیں لازمی شامل ہو نی چاہئیں: نام، تاریخ پیدائش اور تصویر کی حامل ID۔

دستاویزات کی کئی شکلیں ہیں، جن میں یہ شامل ہو سکتی ہیں:

- ڈرائیورز لائسنس
- پیدائشی سرٹیفیکیٹ
- اونٹاریو فوٹو کارڈ
- پاسپورٹ
- رجسٹرڈ ڈاک کی کوئی چیز
- پے اسٹب
- سٹوڈینٹ کارڈ
- لائبریری کارڈ
- کلب یا تنظیم کے ID کارڈ
- دیگر دائرہ اختیار سے جاری کردہ سرکاری شناختی دستاویزات، بشمول غیر ملکی پاسپورٹ، دیگر صوبائی یا علاقائی صحت کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس۔

اگر آپ کے پاس کوئی ID نہ ہو، تو کیا کرنا چاہیے

اگر آپ کے پاس کوئی ID موجود نہیں ہے، تو آپ اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے پبلک ہیلتھ یونٹ اور/ یا کمیونٹی تنظیموں، اسکول یا طبی فراہم کنندہ کی مدد لے سکتے ہیں۔ یہ شناخت ایک خط کی شکل میں فراہم کیا جا سکتی ہے۔

اس مقصد کے لیے میعاد ختم ہونے والی شناختی دستاویزات بھی قبول کی جاتی ہیں۔

اپنے منتخب کردہ نام کے ساتھ اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ کو اپ ڈیٹ کرنے کے بعد

اگر آپ کو کینیڈا سے باہر سفر کی ضرورت ہو لیکن آپ نے اپنے پاسپورٹ کو اپنے منتخب کردہ نام کے ساتھ اپ ڈیٹ نہ کیا ہے، تو آپ اپنے پرانے IDs کے ساتھ سفر کر سکیں گے۔

اگر ایسا ہے تو، پروینشل ویکسین کانٹیکٹ سنٹر (PVCC) کو کال کریں اور ان سے کہیں کہ وہ آپ کے ویکسین سرٹیفکیٹ کو آپ کے سابقہ نام/ اونٹاریو ہیلتھ کارڈ پر موجود آپ کے نام کے ساتھ جاری کر دیں ۔ اس کے بعد، آپ اپنے سابقہ نام سے ویکسین کا سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔ جب آپ کینیڈا واپس آتے ہیں، تو اپنے ویکسین سرٹیفکیٹ کو اپنے منتخب کردہ نام پر دوبارہ جاری کروانے کے لیے، PVCC کو دوبارہ کال کریں۔

ویکسینوں کے پرووائیڈرز، کلینکس، پبلک ہیلتھ یونٹس یا PVCC سے بات کرتے وقت، انہیں بتائیں کہ آپ نے اپنے منتخب کردہ نام کے ساتھ ویکسین کے سرٹیفیکیٹ کو اپ ڈیٹ کر دیا ہے۔

مدد کی ضرورت ہے یا سوالات ہیں؟

پرووینشل ویکسین کنٹیکٹ سنٹر کو 1-833-943-3900 پر کال کریں (ٹی ٹی وائی ان لوگوں کے لیے ہے، جو بہرے ہیں، سماعت کے نقائص یا گویائی سے محروم ہیں: 1-866-797-0007)، **300** سے زیادہ زبانوں میں دستیاب، صبح **8** تا شام **8** بجے تک، ہفتے کے **7** دن (چھٹیوں کے علاوہ)۔